سوال

(187) کھانا پکاتے وقت ذائقہ معلوم کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حیدر آباد سے رابعہ خاتون لکھتی ہیں کہ بعض اوقات کھانا پکاتے وقت اس کا ذائقہ معلوم کرنے کے لیے معمولی مقدار میں چکھا جاتا ہے کیا ایسا کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

کھانا پکانے والے کےلیے یہ جائز ہے کہ زبان کے ایک کنارے سے کھانے میں مٹھاس نمک یا دوسرے ذائقے معلوم کرنے کے لئے تھوڑا سا چکھ لے لیکن وہ یہ احتیاط کرے کہ چکھی ہوئی چیز کو حلق سے نیچے نہ اترنے دے بلکہ وہ ذائقے معلوم کرنے کے بعد فوراً باہر نکال دے اور کلی کرے اس طریقہ سے اس کے روزے کو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاوی اصحاب الحدیث

جلد:1 صفحہ:213